11 جنوری 2020ء

پریس ریلیز برائے کارکنوں کی ترسیلات زر

بیرونِ ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 20ء کی پہلی ششماہی (جولائی تا دسمبر) کے دوران 11394.91 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کے اسی عرصے کے دوران 11030.01 ملین ڈالر ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں، اس طرح ترسیلاتِ زر میں 3.31 فیصد نمو ہوئی۔

دسمبر 2019ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 2097.23 ملین ڈالر رہی جو نومبر 2019ء کے مقابلے میں 15.25 فیصد زیادہ جبکہ دسمبر 2018ء کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ ہے۔ دسمبر 2019ء کی بلحاظ ملک تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 472.94 ملین ڈالر، 427.56 ملین ڈالر، 357.45 ملین ڈالر، 324.57 ملین ڈالر، 205.73 ملین ڈالر، اور 56.42 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ دسمبر 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 414.59 ملین ڈالر، 351.19 ملین ڈالر، 276.29 ملین ڈالر، 267.79 ملین ڈالر، 174.42 ملین ڈالر اور 47.48 ملین ڈالر تھیں۔ دسمبر 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 252.56 ملین ڈالر رہیں جبکہ دسمبر 2018ء میں ان ملکوں سے 216.35 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

****